آج کلیان میں میٹرو۵ کا وزیراعظم کے ہاتھوں افتتاح

راشٹروادی کانگریس نے الزام لگایا کہ بغیر ٹینڈر جاری کئے افتتاح کیا؟

کلیان (آئی بیورو) کلیان ڈومبیولی میونسپل کارپوریشن کے علاقہ میں میٹرو۵ کا افتتاح کرنے وزیراعظم نریندر مودی آج ۱۹ دسمبر کو کلیان آئیں گے۔ وزیراعظم کے ہاتھوں افتتاح کے لئے کلیان کے مختلف علاقوں میں بڑے بڑے بینرز اور ہورڈنگس لگائے گئے ہیں۔ وزیراعظم کے دورہ کے پیش نظر کلیان میں سخت سیکیورٹی انتظامات کئے گئے ہیں۔ ۱۹ دسمبر کو وزیراعظم کلیان کے شیلفاٹا علاقہ میں میٹرو۵ کا افتتاح کریں گے۔ اس کے بعد وہ کلیان اسٹیشن پر ایک جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔ اس جلسہ عام میں تقریباً ۲ لاکھ افراد کی شرکت کا امکان ہے۔ اس جلسہ عام کے لئے ۱۰ ہزار افراد کے بیٹھنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ جلسہ عام کے لئے ۱۰ ہزار پولیس اہلکار تعینات کئے جائیں گے۔ ۱۰ ڈی سی پی، ۲۰ اے سی پی، ۴۰ پولیس انسپکٹر، ۱۰۰ سب انسپکٹر، ۱۵۰۰ پولیس کانسٹیبل، ۵۰۰ ہوم گارڈس، ۲ واٹر کینن گاڑیاں، ۲ ایمبولینس، ۲ فائر بریگیڈ گاڑیاں، ۲ بم ناکارہ دستے، ۲ ڈاگ اسکواڈ، ۲ ریپڈ ایکشن فورس کے دستے، ۲ اسٹرائکنگ فورس کے دستے، ۲ کمپنی سی آر پی ایف، ۲ کمپنی آر اے ایف، ۲ کمپنی ایس آر پی ایف، ۲ کمپنی ہوم گارڈس کی تعیناتی عمل میں لائی جائے گی۔ ۲ ہیلی کاپٹرس کے ذریعہ بھی نگرانی ک